# بیسٹ وے سیمنٹ لمیٹڈ

BESTWAY

## اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ھذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بیسٹ وے سیمنٹ لمیٹڈ (کمپنی) کا اکتیسواں سالانہ اجلاس عام مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے 28 اگست 2024 بروز بدھ سہ پہر 3:00 بجے رومی سگنیچر ہوٹل، آغا خان روڈ، ٹوٹل پیٹرول پمپ کے ساتھ، ایف-6 مرکز، اسلام آباد میں منعقد ہو گا۔

1. 30 جون 2024 کو ختم شدہ سال کے لیے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی وصولی، غوروخوض اور منظوری۔
2. بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق، 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے پہلے سے ادا کیے گئے 180% عبوری نقد منافع کے علاوہ 80 % کے حتمی نقد منافع کا اعلان اور منظوری۔
3. 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کے معاوضہ کا تقرر۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اس طرح کی تقرری کے لیے رضامندی دی ہے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ان کی تقرری کی سفارش کی ہے۔
4. چیرمین کی اجازت سے دیگر کسی امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

**حسن نیازی**
کمپنی سیکریٹری

8 اگست 2024
اسلام آباد

**نوٹس**

1. کمپنی کے شیئر ٹرانسفر بُکس 22 اگست 2024 سے 28 اگست 2024 تک (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی اور اس دوران رجسٹریشن کے لیے کوئی بھی ٹرانسفر قبول نہیں کی جائے گی۔ ایم/ایس ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر 32-سی، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، کراچی-75500 پر 2024-08-21 کے کاروباری دن کے اختتام تک موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو مذکورہ بالا اہلیت، VII ڈی ایچ اے، فیز اور سالانہ جنرل میٹنگ (اے جی ایم) میں شرکت کے مقصد کے لیے بروقت شمار کیا جائے گا۔

2. اس میٹنگ میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کا حق رکھنے والا ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے تاکہ وہ میٹنگ میں شرکت کرے اور اس کی طرف سے ووٹ دے۔ پراکسیز کو مؤثربنانے کے لیے میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کو موصول ہونا ضروری ہے۔

**سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز/کارپوریٹ اداروں کے لیے:**

مندرجہ بالا کے علاوہ درج ذیل شرائط کو پورا کرنا ضروری ہے

3. پراکسی فارم پر دو گواہان کے نام، پتہ اور قومی شناختی کارڈ نمبر کا ہونا ضروری ہے۔

4. بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں۔

5. پراکسی ہولڈر کو میٹنگ کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

6. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ، دستخط کے نمونے کے ساتھ، پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا ہوگا (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہو)۔
7. شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے صحیح قومی شناختی کارڈ کی نقل فراہم کریں اور اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی فوری اطلاع دیں۔

**سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت**

شیئر ہولڈرز کی صحت اور حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی اے جی ایم میں شرکت کے لیے آن لائن پلیٹ فارم/فیسلٹی فراہم کرے گی، جو کہ ویبینار/ویبیکس/زوم کی صورت میں ہوگی۔

شیئر ہولڈرز اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے اے جی ایم کی کارروائیوں میں شرکت کے لیے لاگ ان کر سکیں گے، بشرطیکہ شیئر ہولڈرز کی تصدیق اور شناخت کے لیے تمام مطلوبہ رسمی کارروائیاں مکمل کر لی گئی ہو۔
اس سلسلے میں، شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے درست ای میل پتے کو شیئر رجسٹرار کے ساتھ 21 اگست 2024 تک اپ ڈیٹ کریں۔

جن شیئر ہولڈرز نے پہلے ہی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار کے ساتھ اپنے درست ای میل پتے کو اپ ڈیٹ کیا ہے اوراے جی ایم میں الیکٹرانک طور پر شرکت کے خواہاں ہیں، وہ اپنی درخواست فولیو نمبر کے ساتھ ir@bestway.com.pk پر بھیج سکتے ہیں۔ یہ درخواست ان کے درست طور پر رجسٹرڈ ای میل پتے سے بھیجی جائے اور اسے 27 اگست 2024 تک ارسال کیا جائے۔

**فزیکل/ کاغذی حصص کی سی ڈی سی میں منتقلی**

کمپنی ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 تحت تمام لسٹڈ کمپنیوں پر لازم ہے کہ اپنے تمام فزیکل / کاغذی حصص کو موجوزہ بک انٹری کی صورت میں کمیشن کی جانب سے دی گئی تاریخ کے اندر اندر تبدیل کر لیں۔
ایسے حصص داران جو کہ فزیکل / کاغذی حصص کے حامل ہیں کو چاہیے کہ سی ڈی سی میں براہ راست بروکر یا انویسٹر اکاونٹ میں اپنے ذیلی سی ڈی سی اکونٹ کھلوا کر اپنے فزیکل/ کاغذی حصص کو بک انٹری کی صورت میں منتقل کروا لیں ۔ایسا کرنے سے انھیں کئی سہولیات میسر آسکتی ہیں جیسا کہ حصص کی محفوظ تحویل اور فروخت جب کبھی وہ چاہئں کیونکہ اب پاکستان اسٹاک ایکسچنج کے قواعد کے مطابق فزیکل / کاغذی صورت میں حصص کی فروخت کی اجازت نہیں ہے

14x4clm